© rasailojaraid.com

تبصرے

Mohammad and teaching of Quran..... از محمد امین صاحب

تقطیع خورد ضخامت ۱۱۱ صفحات ٹائپ جلی اور روشن قیمت عہر ناشر شیخ محمد اشرف صاحب کشمیری بازار لاہور

مسٹر جون ڈیون پورٹ نامی ایک انگریز مصنف نے عرصۂ دراز ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ، قرآن مجید کی تعلیمات اور اس کے محاسن پر تین کتابیں لکھی تھیں جو کافی ضخیم تھیں اور جن کے مطالعہ کے لئے ایک فرصت درکار تھی۔ محمد امین صاحب نے ان تینوں کتابوں کا خلاصہ تین ابواب کے ماتحت زیر تبصرہ اسی ایک کتاب میں درج کردیا ہے تاکہ ایک مصروف آدمی بھی اس کا مطالعہ کرکے روشنی اور ہدایت حاصل کرسکے۔

جون ڈیونپورٹ انگریز مصنفین میں بہت غنیمت ہے جس نے حتی الوسع صحیح واقعات جمع کئے ہیں۔ قرآن مجید کی اصل اسپرٹ کو سمجھنے کی کوشش کی ہے اور اسی وجہ سے اُن اعتراضات کے جوابات خود اس نے لکھے ہیں جو کفار مکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کرتے تھے۔ انگریزی دانوں کیلئے اس کتاب کا مطالعہ بے شبہ فائدہ اور بصیرت کا سبب ہوگا۔

Some Moral and religious teachings of al-Ghazzali. امام غزالیؒ کی بعض اخلاقی اور مذہبی تعلیمات از پروفیسر سید نواب علی۔ تقطیع خورد ضخامت

۱۴۸ صفحات ٹائپ جلی اور روشن قیمت دو روپیہ۔ ناشر شیخ محمد اشرف صاحب کشمیری بازار لاہور

پروفیسر سید نواب علی ہمارے ملک کے پرانے اور روشناس ارباب قلم میں سے ہیں۔ جو کچھ لکھتے ہیں۔ بہت کچھ غور و فکر اور تحقیق و تلاش کے بعد لکھتے ہیں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ موصوف نے اس کتاب میں جس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۲۱ء میں شائع ہوا تھا امام غزالیؒ کی بعض اخلاقی اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مذہبی تعلیمات پر روشنی ڈالی ہے۔ یورپین زبانوں میں امام غزالیؒ اور ان کے فلسفہ پر بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ تاہم یہ کتاب اس حیثیت سے لائق مطالعہ اور قابلِ قدر ہے کہ یہ ایک صحیح الخیال مسلمان فاضل کے قلم سے انگریزی زبان میں نکلی ہے۔ شروع میں مختصراً امام ہمام کی سوانحمری اور آپ کی تصنیفات کی ایک فہرست بھی ہے انگریزی داں حضرات کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔

حقیقتِ نفاق از جناب مولوی صدر الدین صاحب اصلاحی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۴۱ صفحات طباعت و کتابت بہتر قیمت غیر مجلد عہ پتہ:۔ امام ولی اللہ اکیڈمی ظفر منزل تاجپورہ لاہور۔

نفاق کی حقیقت، منافقین کی پہچان اور ان کے علامات و خصوصیات پر یہ مقالہ کئی سال ہوئے "ترجمان القرآن" میں شائع ہوا تھا اب اس کو کتابی صورت میں شائع کر دیا گیا ہے زبان صاف و سلیس اور دلنشین ہے اور نوجوان مصنف کا جوشِ ایمانی اور ولولۂ عمل بھی ہر طرح لائق تحسین و آفرین ہے لیکن افسوس ہے کہ اس جوش میں مصنف کے قلم سے بعض بے اعتدالیاں بھی ہو گئی ہیں۔ ضعفاء اور اربابِ رخصت کو بھی زمرۂ منافقین میں شمار کر لینا کسی طرح اسلام کی تعلیمات کا مقتضا نہیں۔ اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ مجاہدین اور اربابِ عزائم کے مراتب بہت اونچے ہیں اور ہر مسلمان کو انھیں کے گروہ میں شامل ہونے کی کوشش کرنی چاہیئے لیکن کمزور لوگوں اور عزیمت کے مقابلہ میں رخصت پر عمل کرنے والوں کا وجود خود عہدِ نبوت میں بھی پایا جاتا تھا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طبعی کمزوری اور مختلف قسم کی مجبوریوں کے پیشِ نظر ان سے درگذر اور حلم و مواسات کا ہی معاملہ کیا۔ اور ان چیزوں پر اُن سے باز پرس نہیں کی جسے وہ اپنی خلقی کمزوری کے باعث نہ کر سکے ہوں۔

خلق اللہ للحروب رجالاً ورجالاً لقصعة وثريد

امید ہے کہ نوجوان مصنف جب کوئی عملی تنظیم کا کام شروع کریں گے تو انھیں خود اس چیز کا احساس ہوگا بہرحال مقالہ بہت دلچسپ مفید اور سبق آموز ہے۔ ہر مسلمان کو اسے پڑھنا چاہیئے۔

© rasailojaraid.com